**02.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ضمیر رضوی

**Music**

1- وزیراعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں آج گھانا پہنچیں گے۔ وہ گھانا کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گے۔

☆ کواڈ کے ممبر ملکوں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے بغیر کسی تاخیر کے قصورواروں کے خلاف کارروائی پر زور دیا ہے۔

☆ طبی تحقیق کی بھارتی کونسل اور ایمس کے مطالعات میں کووڈ-19 ویکسین اور اچانک اموات کے معاملات کے درمیان کوئی تعلق سامنے نہیں آیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، اترپردیش اور مہاراشٹر سمیت ملک کے شمالی اور وسطی حصے میں بارش کیلئے اُرینج الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ کرکٹ میں آج سہ پہر اینڈرسن-تیندولکر ٹرافی کے تحت بھارت اور انگلینڈ کے درمیان دوسرا ٹیسٹ میچ شروع ہورہا ہے۔ کپتان شبھمن گِل نے کہا ہے کہ تیز گیندباز جسپریت بمبرا میچ میں کھیلیں گے۔

☆ اور شطرنج میں : آج شام کروشیا میں Grand Chess Tour کے تیسرے مرحلے کے آغاز کے ساتھ Magnus Carlsen اور ڈی گوکیش کے درمیان ایک مرتبہ پھر مقابلہ ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-DEPARTURE STATEMENT**

وزیراعظم نریندر مودی آج پانچ ملکوں گھانا، ترینیداد اور ٹوبیگو، ارجنٹینا، برازیل اور نامبیا کے دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ جناب مودی اپنے دو روزہ دورے پر آج گھانا پہنچیں گے۔ روانگی کے وقت اپنے بیان میں جناب مودی نے گھانا کو عالمی خطۂ جنوب کا ایک اہم شراکت دار قرار دیا، جو افریقی یونین اور مغربی افریقی ممالک کی اقتصادی کمیونٹی میں ایک اہم رول ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ تاریخی رشتوں کو مزید مستحکم کرنے کے سلسلے میں رابطوں کے منتظر ہیں اور توانائی، صحت، سکیورٹی، اعتماد

سازی اور ترقیاتی اشتراک سے متعلق امکانات پر بات چیت کریں گے۔ وزیراعظم گھانا کی پارلیمنٹ سے بھی خطاب کریں گے۔

اس کے بعد جناب مودی کل دو روزہ دورے پر ترینیداد اور ٹوبیگو روانہ ہوں گے۔ وہاں وزیراعظم مودی ترینیداد کی صدر اور وزیراعظم سے ملاقات کریں گے۔ اس کے بعد وزیراعظم ارجنٹینا جائیں گے، جو 57 برس میں بھارتی وزیراعظم کا پہلا باہمی دورہ ہوگا۔ جناب مودی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ارجنٹینا لاطینی امریکہ میں بھارت کا ایک اہم شراکت دار اور جی-20 میں ایک قریبی ساجھیدار ہے۔

وزیراعظم مودی اس ماہ کی 6 اور 7 تاریخ کو برازیل میں برکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ایک بانی ممبر کے طور پر بھارت ابھرتی ہوئی معیشتوں کے درمیان اشتراک کے سلسلے میں ایک اہم پلیٹ فارم کے تحت برکس کے تئیں پرعزم ہے۔ اس سربراہ کانفرنس کے موقع پر وزیراعظم مختلف عالمی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ ان کے برازیل کے دورے سے قریبی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے اور عالمی خطہ جنوب کی ترجیحات پر پیش رفت کے سلسلے میں برازیل کے صدر Lula Da Silva کے ساتھ کام کرنے کا ایک موقع فراہم ہوگا۔ آخر میں وزیراعظم مودی نامبیا کا دورہ کریں گے، جہاں وہ نامبیا کے صدر سے ملاقات کریں گے۔×

## HC-INTERVIEW

وزیراعظم کے ساتھ گھانا گئے ہمارے نامہ نگار کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں گھانا میں بھارتی ہائی کمشنر منیش گپتا نے دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیا۔

S/B Manish Gupta

## QUAD-JOINT STATEMENT

کواڈ کے ممبران نے پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے قصورواروں، اس کی منصوبہ بندی کرنے والوں اور مالی اعانت کرنے والوں کو بلاتاخیر انصاف کے کٹگھرے تک لانے پر زور دیا ہے اور اقوام متحدہ کے ممبر ملکوں سے اس کوشش میں مکمل تعاون دینے کی اپیل کی ہے۔ واشنگٹن DC میں کواڈ کے وزرائے خارجہ کی میٹنگ کے بعد جاری ایک مشترکہ بیان میں گروپ نے اس سال 22 اپریل کو پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی ہے، جس میں 25 بھارتی شہری اور ایک نیپالی شہری ہلاک اور دیگر کئی زخمی ہوگئے تھے۔

کواڈ نے انتہائی اہم معدنیات سے متعلق کواڈ پہل کا بھی آغاز کیا، جس کا مقصد اقتصادی تحفظ میں اضافہ کرنا ہے۔ اس پہل کا مقصد بھارت بحرالکاہل میں معدنیات کی سپلائی چین کو وسعت دینے کے ساتھ ساتھ اسے مجموعی طور پر پائیدار اور محفوظ بنانا ہے۔ رہنماؤں نے ممبئی میں مستقبل کی شراکت داری سے متعلق کواڈ بندرگاہوں کے آغاز سے منصوبے کا بھی اعلان کیا۔×

**QUAD-SOUTH CHINA SEA**

کواڈ وزرائے خارجہ نے آزاد اور کھلے بھارت- بحرالکاہل کے تئیں اپنے عزم کو دہرایا ہے اور بزور طاقت یا زبردستی موجودہ صورتحال میں تبدیلی کی کسی بھی یکطرفہ کوششوں کی مخالفت کی ہے۔ رُکن ممالک نے مشرقی بحیرۂ چین اور جنوبی بحیرۂ چین کی صورتحال کے بارے میں گہری تشویش کا اظہار کیا۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے قانون کی حکمرانی کے دفاع، سالمیت اور علاقائی یکجہتی کے تئیں اپنے عزم کو ظاہر کیا۔ بیان میں جنوبی بحیرۂ چین میں خاص طور پر پانی کی تیز بوچھار کے غیر محفوظ استعمال اور رکاوٹیں پیدا کرنے والی سرگرمیوں جیسی خطرناک اور اشتعال انگیز کارروائیوں پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ رُکن ممالک نے مزید کہا کہ اِن کارروائیوں سے خطے میں امن واستحکام کو خطرہ لاحق ہوتا ہے۔

انہوں نے جہاز رانی اور مخصوص علاقوں کے اوپر اڑان بھرنے کی آزادی، سمندر کے دوسرے قانونی استعمال اور بین الاقوامی قانون کے مطابق اور بلا روک ٹوک کامرس کی لگاتار سرگرمیوں کی اہمیت پر زور دیا، جیسا کہ اقوام متحدہ کے سمندری قوانین سے متعلق چارٹر، UNCLOS میں بیان کیا گیا ہے۔ رُکن ممالک نے بین الاقوامی قانون کے مطابق بحری تنازعات کے پرامن تصفیے کی بھی بات کہی۔

**ICMR-AIIMS COVID-19**

صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے کہا ہے کہ طبی تحقیق کی بھارت کونسل ICMR اور آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز AIIMS کی جانب سے وسیع تر مطالعے کے بعد یہ نتیجہ سامنے آیا ہے کہ کووڈ-19 ویکسین اور اچانک اموات کے درمیان کوئی تعلق نہیں ہے۔

وزارت نے کہا ہے کہ ICMR اور بیماریوں کی روک تھام سے متعلق قومی مرکز کی جانب سے مطالعات میں اس بات کی تصدیق ہوئی ہے کہ بھارت میں کووڈ-19 ویکسین محفوظ اور مؤثر ہے اور اس سے متعلق سنگین منفی اثرات کے بہت ہی کم واقعات سامنے آئے ہیں۔ اچانک حرکتِ قلب رُک جانے کے واقعات کا تعلق Genetics، طرز زندگی، پہلے سے موجود کوئی بیماری اور کووڈ کے بعد کی صورتحال سمیت وسیع تر عناصر سے ہوسکتا ہے۔ ICMR اور NCDC، خاص طور سے 18 سے 45 برس کے درمیان لوگوں کی اچانک غیر واضح اموات کی وجوہات کو سمجھنے کیلئے مل کر کام کررہے ہیں۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات نے ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، اترپردیش، مدھیہ پردیش سمیت شمالی بھارت اور گجرات، راجستھان اور مہاراشٹر سمیت وسطی بھارت میں بارش کا اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ اِس کے علاوہ کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر میں آج مختلف مقامات پر شدید بارش کے حالات برقرار رہ سکتے ہیں۔ مشرقی بھارت میں بھی اروناچل پردیش اور اڈیشہ میں آج اِسی طرح کے

موسمی حالات جاری رہیں گے۔ آسام، میگھالیہ، بہار، چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، جھارکھنڈ، کیرالہ اور ماہے میں موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

## J&K-AMARNATH YATRA

جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے، 'بَم بَم بھولے اور ہَر ہَر مہادیو' کے جاپ کے دوران آج صبح سویرے بھگوتی نگر میں یاتری نواس بنیادی کیمپ سے امرناتھ یاتریوں کے پہلے جتھے کو روانہ کیا۔ کُل پانچ ہزار 892 عقیدتمند وادی کیلئے روانہ ہوئے، جن میں سے دو ہزار 489 بال تَل کے راستے، جبکہ تین ہزار 403 عقیدت مند اننت ناگ کے راستے یاترا کریں گے اور پوتر گپھا تک پہنچیں گے۔×

## CRICKET-IND-ENG TEST

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان Anderson Tendulkar ٹرافی سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ آج سہ پہر برمنگھم کے Edgbaston میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ مہمان ٹیم کی جانب سے کپتان شبھمن گل نے جسپریت بمراہ کی دستیابی کی تصدیق کی ہے، تاہم اُن کی شمولیت کے بارے میں آخری فیصلہ ٹیم انتظامیہ کی میٹنگ لیا جائے گا۔ اگر تیز گیند باز جسپریت بمراہ کو آرام دیا جاتا ہے تو آکاش دیپ کو اُن کی ذمہ داری سونپی جاسکتی ہے۔ دو اسپین گیندبازوں کے ساتھ کھیلنے کا بھی منصوبہ ہے، جس کے تحت واشنگٹن سندر کی شمولیت کا امکان زیادہ ہے۔ دوسری جانب میزبان انگلینڈ نے Leeds کے Headingley میں کھیلے گئے سیریز کے شروعاتی ٹسٹ میچ کے کھلاڑیوں کو برقرار رکھا ہے۔ اِس میچ میں انگلینڈ نے 5وکٹ سے جیت حاصل کی تھی۔

## CRICKET-WOMEN T-20

خواتین کے ٹی ٹوئینٹی کرکٹ میں کل رات برسٹل کے کنٹری گراؤنڈ میں پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو 24 رن سے شکست دی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت کی خواتین کھلاڑیوں نے مقررہ 20 اوورس میں 4 وکٹ کے نقصان پر 181 رن بنائے۔ اَمن جوت کور نے 40 گیندوں میں بغیر آؤٹ ہوئے 63 رن بنائے اور انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اِس کے جواب میں میزبان ٹیم 7 وکٹ کے نقصان پر محض 157 رن ہی بنا سکی۔ اِس جیت کے ساتھ بھارت نے پانچ ٹی ٹوئینٹی میچوں کی سیریز میں دو صفر سے سبقت حاصل کرلی ہے۔ سیریز کا تیسرا میچ جمعہ کے روز لندن کے Kennington Oval میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 11 بجے شروع ہوگا۔

**CHESS**

شطرنج میں گرینڈ Chess ٹور 2025 کا تیسرا مرحلہ آج شام کروئیشیا میں شروع ہوگا۔ اِس مقابلے میں شطرنج کے عالمی نمبر ایک مایہ ناز کھلاڑی Magnus Carlsen اور عالمی چمپئن ڈی گوکیش اپنے جوہر دکھائیں گے۔ اِس سال مئی کے مہینے میں ناروے Chess کے دوران ڈرامائی مقابلے کے بعد Carlsen اور گوکیش کے درمیان یہ پہلا میچ ہوگا۔ اِس مقابلے میں نوجوان بھارتی کھلاڑی سے ہارنے کے بعد Carlsen کو کافی دلبرداشتہ دیکھا گیا تھا۔ آج سے شروع ہورہا کروئیشیا کا مرحلہ 6 جولائی تک جاری رہے گا، جس میں سنگل راؤنڈ-رابن ریپڈ ٹورنامنٹ ہوگا۔ اِس کے بعد ڈبل راؤنڈ-رابن Blitz مرحلہ ہوگا۔ دونوں فارمیٹ میں سب سے زیادہ مشترکہ اسکور حاصل کرنے والا کھلاڑی فاتح قرار دیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆